## نوٹس برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ ماری انرجیز لمیٹڈ "(کمپنی)" کے ممبران کا غیر معمولی اجلاسِ عام بروز جمعہ، 22 مئی، 2026ء بوقت صبح 10:00 بجے شیش محل ہال، اسلام آباد سرینا ہوٹل، خیابانِ سہروردی روڈ، 1/G-5، اسلام آباد میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا:

**خصوصی کاروبار:**

1. **جی ایچ جی ایمیشنز میٹیگیشن لمیٹڈ (جو کہ ماری انرجیز لمیٹڈ کی ایک ذیلی کمپنی ہے) میں مزید سرمایہ کاری پر غور وخوض کرنا اور اس کی منظوری دینا، اور اگر مناسب سمجھا جائے تو، درج ذیل قرارداد کی ترمیم، تبدیلی یا اصلاح کے ساتھ یا اس کے بغیر بطورِ خصوصی قرارداد کی منظوری۔**

### خصوصی قرارداد-I

"**قرار پایا ہے کہ** کمپنیز ایکٹ، 2017 کی سیکشن 199 اور کمپنیز (انوسٹمنٹ اِن ایسوسی ایٹڈ کمپنیز / ایسوسی ایٹڈ انڈر ٹیکنگز) ریگولیشنز، 2017 کے تحت، کمپنی کے ممبران کی طرف سے اس امر کی منظوری دی جاتی ہے کہ کمپنی، جی ایچ جی ایمیشنز میٹیگیشن لمیٹڈ کے 244.8 ملین رائٹ شیئرز جن کی قیمت 10 روپے فی شیئر ہے، کو سبسکرائب کر کے 2,448,000,000 روپے (دو بلین چار سو اڑتالیس ملین روپے) تک کی مزید سرمایہ کاری کرے، جو کہ جی ایچ جی ایمیشنز میٹیگیشن لمیٹڈ کی طرف سے جاری کیے جائیں گے۔

**مزید قرار پایا ہے کہ** کمپنی کے منیجنگ ڈائریکٹر / چیف ایگزیکٹو آفیسر، کمپنی سیکریٹری اور / یا چیف فنانشل آفیسر مشترکہ اور انفرادی طور پر اس قرارداد کو نافذ کرنے کے لئے کوئی بھی اور تمام ضروری قانونی اقدامات انجام دینے کے مجاز ہیں۔"

2. **جی ایچ جی ایمیشنز میٹیگیشن لمیٹڈ کی جانب سے حاصل کی جانے والی ٹرم فنانس فیسلیٹیز کے انتظام کے لیے لاگت میں اضافے، فنڈ بیس ایکویٹی کی معاونت اور ڈیٹ سروسنگ ریزرو اکاؤنٹ کے لیے سرمایہ کاروں کے حق میں "اسپانسر سپورٹ ایگریمنٹ" پر غور کرنا اور اس کی منظوری دینا، اور اگر مناسب سمجھا جائے تو، درج ذیل قرارداد کو، کسی بھی ترمیم، تبدیلی یا اصلاح کے ساتھ یا اس کے بغیر، بطورِ خصوصی قرارداد کی منظوری دینا۔**

### خصوصی قرارداد-II

"**قرار پایا ہے کہ** ماری انرجیز لمیٹڈ (کمپنی) کے ممبران کی حبیب بینک لمیٹڈ اور / یا دیگر سرمایہ کاروں ("سرمایہ کاروں") کے حق میں اسپانسر سپورٹ ایگریمنٹ ("SSA") میں داخل ہونے اور اس پر عمل درآمد کی منظوری دینا، جن میں فنانسنگ فیسلیٹیز کے انتظام کے سلسلے میں، بشمول 38 ملین امریکی ڈالر (±5 فیصد) کا ایک لیٹر آف کریڈٹ اور 14,400 ملین روپے تک کی فنڈڈ فیسلیٹی ("فنڈڈ فیسلیٹی") (LC) فیسلیٹی اور فنڈڈ فیسلیٹی کو مجموعی طور پر " فیسلیٹیز" کہا جاتا ہے) حاصل کرنے کے لیے، کمپنی کی ایک ذیلی کمپنی جی ایچ جی ایمیشنز میٹیگیشن لمیٹڈ ("GEM")، کے ذریعے حاصل کی جارہی ہے تاکہ سچل گیس پروسیسنگ کمپلیکس (پروجیکٹ) کے قریب گیس میٹیگیشن اور انرجی پروڈکشن فیسلیٹی کی مالی معاونت کی جاسکے۔

**مزید قرار پایا ہے کہ** کمپنی SSA کی شرائط کے مطابق، اسپانسر سپورٹ فراہم کرنے کے لیے مجاز ہے، جو کہ صرف اور صرف GEM میں اس کے متناسب شیئر ہولڈنگ تک محدود ہوگی، جیسا کہ: (i) پراجیکٹ کی تکمیل کے لیے درکار لاگت میں اضافے کو پورا کرنے کے لئے؛ (ii) فیسلیٹیز کے لیے سرمایہ کاروں

## نوٹس برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

کی ضروریات کے مطابق پروجیکٹ کی بنیادی ایکویٹی شراکت کی ضروریات کی مالی اعانت،(iii)ڈیبٹ سروس ریزرو اکاؤنٹ میں نقد رقم کی فراہمی یا فیسلیٹیز کے تحت GEM کی ڈیبٹ سروس ریزرو کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے سرمایہ کاروں کے حق میں لیٹر آف کریڈٹ کا بندوبست کرنا، اور(iv) فیسلیٹیز کے سلسلے میں سرمایہ کاروں کی ضرورت کے مطابق کسی بھی لیٹر آف کمفرٹ کی فراہمی اور اس میں مذکور کسی بھی ذمہ داری کو انجام دینا، جو کہ SSA اور فیسلیٹیز کی شرائط وضوابط کے مطابق ہو۔

**مزید قرار پایا ہے کہ** کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور / یا چیف فنانشل آفیسر اور / یا کمپنی سیکریٹری کو مشترکہ اور / یا انفرادی طور پر مجاز ہیں کہ وہ SSA (اس میں کسی بھی ترامیم یا تبدیلی کے ساتھ) اور اس سے متعلقہ تمام ذیلی دستاویزات، معاہدوں، انڈرٹیکنگز اور آلات پر گفت وشنید کریں، انہیں حتمی شکل دیں، دستخط کریں اور انہیں فراہم کرنے کے علاوہ، ان کے نفاذ کے لئے ضروری یا مناسب تمام اقدامات، اعمال اور کام انجام دیں (بشمول ان میں کسی بھی ترمیم، تبدیلی یا اصلاحات کا اضافہ)، تاکہ SSA اور فیسلیٹیز کے تحت اپنی ذمہ داریوں کے سلسلے میں مذکورہ قراردادوں کو موثر بنایا جاسکے۔

**مزید قرار پایا ہے کہ** اس حوالے سے مجاز نمائندگان کی طرف سے کی گئی یا کی جانے والی کسی بھی کارروائی کو، جو اس سے قبل یا اس کے بعد کی گئی ہو، یہ قرار دیا جاتا ہے کہ وہ منظور اور تصدیق شدہ تصور کی جائیں گی۔"

### دیگر کاروباری امور

3. چیئرمین کی اجازت سے دیگر کسی بھی کاروباری امور کی انجام دہی۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی سیکشن 134(3) کے تحت خصوصی کاروبار سے متعلق مادی حقائق کے بیانات نوٹس ہذا کے ساتھ منسلک ہیں۔

بحکم بورڈ

بریگیڈیئر سمیر اشرف شیخ (ریٹائرڈ)
کمپنی سیکریٹری

اسلام آباد
30اپریل، 2026ء

### نوٹس:

1. **کتابوں کی بندش**

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 15 مئی، 2026ء سے 22 مئی، 2026ء تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے آفس واقع، ونگز آرکیڈ 1-کے کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور میں 14 مئی، 2026ء کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہونے والی تمام ٹرانسفرز کو اس غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت اور ووٹنگ کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

2. **غیر معمولی اجلاسِ عام میں ورچوئل شمولیت**

غیر معمولی اجلاسِ عام میں ورچوئل شرکت کے خواہشمند ممبران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنی درجہ ذیل معلومات بذریعہ ای میل corporate.affairs@marienergies.com.pk پر ارسال کر کے خود کو کمپنی کے ساتھ رجسٹر کرائیں۔

# ماری انرجیز لمیٹڈ

21ماؤوایریا، 3rdروڈ، سیکٹر G-10/4 ، اسلام آباد۔ www.marienergies.com.pk

MARI
ENERGIES

## نوٹس برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

| شیئر ہولڈر کا نام | کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | فولیو نمبر / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | شیئرز کی تعداد | رابطہ نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

آن لائن میٹنگ لنک اور لاگ اِن کی تفصیلات صرف ان ممبران کو فراہم کی جائیں گی جن کی ای میلز، مطلوبہ تمام معلومات کے ہمراہ دیے گئے ای میل پتہ پر بروز جمعرات، 21 مئی، 2026ء کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہو جائیں۔ لاگ ان کی سہولت اجلاس کے روز صبح 09:45 بجے سے اجلاس کے اختتام تک دستیاب رہے گی۔

3. **ای ووٹنگ طریقہ کار**

i. ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان ممبر کے ساتھ ای میل کے ذریعے شیئر کی جائیں گی جن کے پاس اپنے درست CNIC نمبرز، موبائل / رابطہ نمبرز، اور ای میل ایڈریس کمپنی کے ممبرز رجسٹر میں 14 مئی، 2026ء کے دن کاروبار کے اختتام تک درج ہوں گے۔

ii. ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات، اور پاس ورڈ ای میل کے ذریعے ممبران کو بتائے جائیں گے۔ سیکیورٹی کوڈز میسرز کورپلنک کے ویب پورٹل (ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ ہونے کے ناطے) سے ایس ایم ایس کے ذریعے اراکین کو بتائے جائیں گے۔

iii. ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے اراکین کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کے لیے تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

iv. ای ووٹنگ لائنز 19 مئی، 2026ء کے دن صبح 9:00 بجے سے شروع ہوں گی اور 21 مئی، 2026ء کے دن شام 5:00 بجے بند ہو جائیں گی۔ ممبران اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ کاسٹ کر سکتے ہیں۔ ایک بار جب کسی رکن کی طرف سے قرارداد پر ووٹ کاسٹ کر دیا جاتا ہے، تو اسے بعد میں تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہو گی۔

4. **پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا طریقہ کار**

i. ممبران متبادل طور پر پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ کاسٹ کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ ممبران کی سہولت کے لیے بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ www.marienergies.com.pk پر دستیاب ہے۔

ii. ممبران اس بات کو یقینی بنائیں کہ درست طریقے سے پُر اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی کے ساتھ چیئرمین میٹنگ کو کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع 21ماؤوایریا، 3rdروڈ، سیکٹر G-10/4، اسلام آباد یا ای میل chairman.bod@marienergies.com.pk کے ذریعے اجلاس سے ایک دن پہلے یعنی 21 مئی، 2026ء کو پہنچ جائیں۔ اس کے بعد موصول ہونے والے پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے لیے زیرِ غور شمار نہیں ہوں گے۔ بیلٹ پیپر پر دستخط CNIC پر دستخط سے مماثل ہونے چاہئیں۔

iii. کمپنی نے اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو اجلاس میں خصوصی کاروبار کی ووٹنگ کے عمل کی نگرانی کے لیے کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے تحت "سکروٹنائزر" مقرر کیا گیا ہے۔ یہ فرم کمپنی کے سٹیچوٹری آڈیٹرز بھی ہیں اور ICAP کی طرف سے تفویض کردہ QCR ریٹنگ پر پورا اترتی ہے۔ سکروٹنائزر کے پاس ووٹنگ کے عمل کی آزادانہ جانچ کے لیے ضروری علم اور تجربہ موجود ہے۔

## نوٹس برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

### 5. پراکسی کی تقرری

مذکورہ میٹنگ میں شرکت اور ووٹ دینے کا حق دار ممبر کسی شخص/ نمائندے کو میٹنگ میں شرکت اور اپنی طرف سے ووٹ دینے کے لیے پراکسی/ نمائندہ مقرر کر سکتا ہے۔ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے مطابق پراکسی/ نمائندگی فارم میٹنگ کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہو جانا چاہیے۔ شئیر ہولڈرز کی سہولت کے لیے خالی پراکسی فارم (انگریزی اور اردو) کمپنی کی ویب سائٹ /www.marienergies.com.pk/forms پر بھی دستیاب ہیں۔

کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ مع نامزد فرد کے دستخط میٹنگ کے انعقاد سے قبل فراہم کرنے ہوں گے۔ سی ڈی سی میں کمپنی کے کارپوریٹ حصص داران کے نمائندے یا انفرادی حصص دار میٹنگ کے وقت شناخت اور تصدیق کے لئے اپنا اصل قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ، سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ساتھ لانا ہو گا۔

### 6. اجلاس کے دوران حاضری

ممبران کو چاہیے کہ وہ غیر معمولی اجلاسِ عام کے آغاز سے کم از کم پندرہ (15) منٹ قبل اجلاس کے مقام پر پہنچ جائیں تا کہ حاضری کے جائزے اور فہرست کی بروقت تکمیل کی جا سکے۔ اجلاس میں شرکت کے لئے کوئی بھی ممبر یا نمائندہ اپنی شناخت کی تصدیق کے لیے اصل قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ دکھائے گا۔

### 7. ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے لئے رضامندی

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی سیکشن 134(1)(b) کے مطابق، ممبران اس غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کے لیے ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کر سکتے ہیں بشرطیکہ کمپنی کو میٹنگ کے دن سے کم از کم 7 دن پہلے مجموعی طور پر 10 فیصد یا زیادہ شیئر رکھنے والے ممبران کی جانب سے سہولت حاصل کرنے کے لئے رضامندی موصول ہو۔

اس سلسلے میں، براہ کرم درج ذیل فارمیٹ کے مطابق ایک باقاعدہ دستخط شدہ درخواست کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر مقررہ وقت کے اندر بھیجیں۔

**فارم برائے ویڈیو کانفرنس فیسلیٹی**

| |
|---|
| میں/ہم،__________ ساکن __________، ماری انرجیز لمیٹڈ کا ممبر (ز) ہونے کے ناطے اور رجسٹر فولیو نمبر __________ کے مطابق __________ عام حصص (شیئرز) کا حامل __________ جگہ پر ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتخاب کرتا ہوں۔ |
| __________<br>دستخط ممبر |

### 8. تحفوں کی تقسیم پر پابندی

کمپنی کی پالیسی اور ریگولیٹری ہدایات کے مطابق، غیر معمولی اجلاسِ عام میں کسی قسم کے تحائف یا مراعات تقسیم نہیں کی جائیں گی۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ اجلاس کے دوران کوئی بھی تحفہ لانے یا پیش کرنے سے گریز کریں۔

### 9. فزیکل شیئرز کی بُک انٹری فارم میں منتقلی

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی سیکشن 72 کے تحت، تمام لسٹڈ کمپنیز پر لازم ہے کہ وہ ایکٹ کے نفاذ کے چار سال کے اندر اپنے جاری کردہ شیئرز کو فزیکل فارم سے بُک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔

لہذا، فزیکل شیئرز رکھنے والے کمپنی کے تمام ممبران کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے شیئرز کو جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کرالیں۔ شیئر ہولڈرز فزیکل شیئرز کو بُک انٹری فارم میں تبدیلی کے لیے کمپنی یا شیئر زرجسٹرار سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

### 10. غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈز اور شیئر سرٹیفکیٹس

کمپنی نے اس سے قبل کمپنیز ایکٹ، 2017 کی سیکشن 244 کے تحت اپنی ذمہ داری ادا کی ہے جس کے تحت کمپنی نے شیئر ہولڈرز سے رابطہ کیا کہ وہ قانون کے مطابق اپنے غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈز اور غیر موصول شیئر سرٹیفکیٹس حاصل کرنے کا دعوی کریں۔

ممبران، جن کے ڈیویڈنڈز اور شیئر سرٹیفکیٹس ابھی تک غیر دعویٰ شدہ ہیں، ان کو ایک بار پھر ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈز اور غیر موصول شیئر سرٹیفکیٹس کے حصول کے لئے کمپنی سے رابطہ کریں۔

### 11. ایڈریس میں تبدیلی

تمام ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے میلنگ ایڈریس میں کسی قسم کی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کے شیئرز رجسٹرار، میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو مطلع کریں۔

### 12. رابطہ کی تفصیلات

کسی بھی سوال/ معلومات کے لئے، شیئر ہولڈرز کارپوریٹ آفیئرز ڈیپارٹمنٹ کے فون نمبر: 410-410-111-051 یا ای میل: corporate.affairs@marienergies.com.pk، یا کمپنی کے شیئرز رجسٹرار، میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، K-1 کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور کے فون نمبر: 35916714-042 یا 35916719-042 یا ای میل: corporate@corplink.com.pk, corplink786@gmail.com پر رابطہ کریں۔

## کمپنیز ایکٹ، 2017 کی سیکشن 134(3) کے تحت بیانات

یہ بیان کمپنیز ایکٹ، 2017 کے تقاضوں کے مطابق، ماری انرجیز لمیٹڈ ("کمپنی") کے غیر معمولی اجلاسِ عام میں لین دین کے لیے خصوصی کاروبار سے متعلق مادی حقائق کا تعین کرتا ہے۔

**ایجنڈا آئٹم نمبر 1**

### جی ایچ جی ایمیشنز میٹیگیشن لمیٹڈ (GEM) میں ایکویٹی سرمایہ کاری

جی ایچ جی ایمیشنز میٹیگیشن لمیٹڈ ("GEM") کمپنی کی ایک ذیلی کمپنی ہے، GEM کے جاری شدہ سرمائے میں کمپنی اور غنی کیمیکل انڈسٹریز لمیٹڈ کے پاس بالترتیب 51٪ اور 49٪ کی حصہ داری ہے۔

GEM اپنے موجودہ شیئر ہولڈرز کو ان کے تناسب سے مجموعی طور پر 4,800,000,000 روپے کے 480 ملین رائٹ شیئرز، جن کی قیمت فی شیئر 10 روپے ہے، جاری کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ اس سلسلے میں، کمپنی، جو کہ GEM کی ایک شیئر ہولڈر ہے، اس کے متناسب استحقاق کو سبسکرائب کرنے کی تجویز پیش کرتی ہے۔

اس سلسلے میں، ممبران کی منظوری طلب کی جا رہی ہے تا کہ کمپنی 2,448,000,000 روپے (دو بلین چار سو اڑتالیس ملین روپے) تک کی سرمایہ کاری کر کے 244.8 ملین رائٹ شیئرز سبسکرائب کر سکے، جن کی قیمت 10 روپے فی شیئر ہے۔

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے مجوزہ سرمایہ کاری کے حوالے سے ضروری تحقیق (Due Diligence) مکمل کر لی ہے اور پراجیکٹ کے مالی، تکنیکی اور تجارتی پہلوؤں کا احتیاط سے جائزہ لینے کے بعد، یہ رائے دی ہے کہ مجوزہ سرمایہ کاری کمپنی اور اس کے شیئر ہولڈرز کے بہترین مفاد میں ہے۔

کسی بھی ڈائریکٹر کی مجوزہ سرمایہ کاری میں بلواسطہ یا بلاواسطہ کوئی دلچسپی نہیں ہے، ماسوائے اس کے کہ جناب فہیم حیدر (ماری انر جیز لمیٹڈ کے مینجنگ ڈائریکٹر / سی ای او) اور جی ایچ جی ایمیشنز میٹیگیشن لمیٹڈ کے ڈائریکٹر / چیئرمین بھی ہیں۔

لہٰذا، بورڈ آف ڈائریکٹرز سفارش کرتا ہے کہ ممبران مجوزہ خصوصی قرارداد کو منظور کریں۔

**ایجنڈا آئٹم نمبر 2**

**GEM کے سرمایہ کاروں کے حق میں اسپانسر سپورٹ ایگریمنٹ کی منظوری**

یہ ایجنڈا آئٹم سچل گیس پروسیسنگ کمپلیکس (پروجیکٹ) کے قریب گیس میٹیگیشن اور انرجی پروڈکشن فیسلیٹی کی مالی معاونت کے لئے GEM کی جانب سے حاصل کی جانے والی فنانسنگ فیسلیٹیز کے سلسلے میں، حبیب بینک لمیٹڈ اور / یا دیگر سرمایہ کاروں ("سرمایہ کاروں") کے حق میں اسپانسر سپورٹ ایگریمنٹ ("SSA") میں داخل ہونے کی منظوری سے متعلق ہے۔

**پس منظر اور مقصد**

GEM ایک پروجیکٹ شروع کر رہی ہے جس میں سچل گیس پروسیسنگ کمپلیکس کے قریب گیس میٹیگیشن اور انرجی پروڈکشن فیسلیٹی کے لئے مالی معاونت درکار ہے۔ اس مقصد کے لیے، GEM مالی معاونت حاصل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے جس میں 38 ملین امریکی ڈالر (±5 فیصد) تک کے لیٹر آف کریڈٹ کی سہولت اور 14,400 ملین روپے تک کی فنڈڈ فیسلیٹی شامل ہے۔ بطور اسپانسر / ذیلی کمپنی کے، کمپنی کو معاونت حاصل کرنے کے سلسلے میں اس کے سرمایہ کاروں کو بعض معاون اقدامات فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔

**اسپانسر سپورٹ کی نوعیت اور حد (زیادہ سے زیادہ حد اور محدود)**

مجوزہ اسپانسر سپورٹ معاہدے کے تحت، کمپنی سپورٹ فراہم کرے گی، جو کہ صرف اور صرف GEM میں اس کے متناسب شیئر ہولڈنگ تک محدود ہو گی، جیسا کہ: (i) پراجیکٹ کی تکمیل کے لیے درکار لاگت میں اضافے کو پورا کرنے کے لئے؛ (ii) فیسلیٹیز کے لیے سرمایہ کاروں کی ضروریات کے مطابق پروجیکٹ کی بنیادی ایکویٹی شراکت کی ضروریات کی مالی اعانت، (iii) ڈیبٹ سروس ریزرو اکاؤنٹ میں نقد رقم کی فراہمی یا فیسلیٹیز کے تحت GEM کی ڈیبٹ سروس ریزرو کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے فنانسرز کے حق میں لیٹر آف کریڈٹ کا بندوبست کرنا، اور (iv) فیسلیٹیز کے سلسلے میں سرمایہ کاروں کی ضرورت کے مطابق کسی بھی لیٹر آف کمفرٹ کی فراہمی اور اس میں مذکور کسی بھی ذمہ داری کو انجام دینا۔

## نوٹس برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

ایسی ذمہ داریاں مشروط نوعیت کی ہوں گی، جو صرف مخصوص واقعات کے رونما ہونے پر فعال ہوں گی اور متفقہ حدود اور طے شدہ مدت کے مطابق ہوں گی، جیسا کہ اسپانسر سپورٹ ایگریمنٹ کے تحت بیان کیا گیا ہے۔

### بغیر تلافی اور ساختی تحفظات

مجوزہ اسپانسر سپورٹ معاہدہ صرف محدود نوعیت کا ہو گا اور اسے مکمل فیسلیٹیز کی ضمانت نہیں سمجھا جائے گا۔ مالی معاونین کو GEM کے اثاثوں، کیش فلوز اور سیکیورٹیز پر بنیادی اختیار حاصل ہو گا۔

یہ ڈھانچہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ:

- کمپنی کے ممکنہ خطرے کی رسائی کی حد بندی کرتا ہے؛
- کمپنی کی موجودہ یا مستقبل کی ذمہ داریوں کے ساتھ کوئی کراس ڈیفالٹ نہیں ہو گا؛
- کمپنی کے بنیادی اثاثوں پر کوئی بوجھ نہیں ہو گا۔

### کلیدی مالیاتی شرائط اور معاہدے

ان فیسلیٹیز کی مدت 7.5 سال تک متوقع ہے، جس میں 18 ماہ تک کی رعایتی مدت شامل ہے، اور قرض کی واپسی پروجیکٹ کے کیش فلوز سے کی جائے گی۔ یہ پروجیکٹ روایتی مالی معاہدوں کے ساتھ مشروط ہو گا، جس میں قرض اور سرمائے کا تناسب 80:20 اور DSCR کم از کم 1.1x شامل ہیں، اور یہ GEM کے اثاثوں اور وصولیوں پر مخصوص سیکیورٹی کے ذریعے محفوظ کی جائے گی۔

### خطرے کی تشخیص اور انتظام

مجوزہ انتظام GEM کی مالیاتی کمی کو پورا کرنے اور پراجیکٹ پر عمل درآمد کرنے کے قابل بنائے گا۔ منسلک خطرات کو محدود رسائی، رِنگ فینسنگ میکانزم، سٹرکچرڈ ریزرو (بشمول DSRA) اور کمپنی کی جاری مانیٹرنگ کے ذریعے کم کیا گیا ہے۔

### ڈائریکٹرز کی دلچسپی اور سفارشات

اس ایجنڈا میں کسی بھی ڈائریکٹر کا براہ راست یا بالواسطہ کوئی مفاد نہیں ہے، سوائے اس کے کہ جناب فہیم حیدر (ماری انرجیز لمیٹڈ کے مینجنگ ڈائریکٹر / سی ای او) اور GHG Emissions Mitigation Limited کے ڈائریکٹر / چیئرمین بھی ہیں۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز، تجویز کا بغور جائزہ لینے کے بعد، سفارش کرتا ہے کہ ممبران اس خصوصی قرارداد کو کمپنی اور اس کے اسٹیک ہولڈرز کے بہترین مفاد میں منظور کریں۔

## نوٹس برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

| | | | |
|---|---|---|---|
| **کمپنیز (انوسٹمنٹ اِن ایسوسی ایٹڈ کمپنیز / ایسوسی ایٹڈ انڈر ٹیکنگز) ریگولیشنز، 2017 کے ضوابط 3 اور 4 کے تحت معلومات** | | | |
| **متعلقہ کمپنی میں ایکویٹی سرمایہ کاری** | | | |
| **(A) متعلقہ کمپنی کے بارے میں وضاحتی بیان** | | | |
| .i | | ایسوسی ایٹڈ کمپنی یا ایسوسی ایٹڈ انڈر ٹیکنگ کا نام | جی ایچ جی ایمیشنز میٹیگیشن لمیٹڈ |
| .ii | | تعلق کی بنیاد | ایسوسی ایٹڈ کمپنی: جی ایچ جی ایمیشنز میٹیگیشن لمیٹڈ، ماری انرجیز لمیٹڈ کی ایک ذیلی کمپنی ہے، جس کے پاس اس کے ادا شدہ سرمائے کا 51٪ ہے، جبکہ غنی کیمیکل انڈسٹریز لمیٹڈ باقی 49٪ حصص کی مالک ہے۔ |
| .iii | | پچھلے 3 سالوں کی فی شیئر آمدنی | قابل اطلاق نہیں |
| .iv | | آخری آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی بنیاد پر فی شیئر بریک اپ ویلیو | قابل اطلاق نہیں |
| .v | | مالیاتی پوزیشن، موجودہ فنانشل سٹیٹمنٹس کی بنیاد پر بشمول مالیاتی پوزیشن اور پرافٹ اینڈ لاس اکاؤنٹ کے اہم آئٹمز کے بیان | قابل اطلاق نہیں |
| .vi | مزید معلومات (متعلقہ کمپنی یا اس سے وابستہ انڈر ٹیکنگ میں سرمایہ کاری جس نے پروجیکٹ کے سلسلے میں عملی کام شروع نہیں کیا ہے) | | |
| | .I | پروجیکٹ کی تفصیل اور اس کی تاریخ تخلیق سے لے کر اب تک کی معلومات | پروجیکٹ ڈہرکی، سندھ میں ایک لیکوفائیڈ نیچرل گیس (ایل این جی) اور کاربن ڈائی آکسائیڈ ($CO_2$) کی بازیابی اور لیکوفیکیشن پلانٹ قائم کرنے کا منصوبہ شامل ہے، جو ماری انرجیز لمیٹڈ اور غنی کیمیکل انڈسٹریز لمیٹڈ کے مشترکہ منصوبہ کے ذریعے انجام دیا جائے گا۔ یہ منصوبہ کم بی ٹی یو، غیر معیاری گیس کو ماری گیس فیلڈ سے حاصل کرنے کے بعد معیاری ایل این جی اور مائع $CO_2$ میں تبدیل کرکے اسے صنعتی، تجارتی، اور ٹرانسپورٹ کے استعمال کے قابل بنائے گا۔<br>اس منصوبے کو عملی جامہ پہنانے کے لیے، جی ایچ جی ایمیشنز میٹیگیشن لمیٹڈ قائم کی گئی ہے جس کا ابتدائی ادا شدہ سرمایہ 200 ملین روپے ہے۔ |
| | .II | تاریخ آغاز اور کام کے تکمیل کی متوقع تاریخ | پلانٹ کی درآمد کے لیے LC کھولنے کا عمل مکمل ہونے کے بعد، ایل این جی اور $CO_2$ ریکوری پروجیکٹ کا نفاذ تقریباً 16 سے 18 ماہ کے عرصے میں کیا جائے گا۔ |
| | .III | منصوبے کے تجارتی طور پر فعال ہونے کی تاریخ | توقع ہے کہ تجارتی آپریشن LC کھولنے کے بعد کی تاریخ سے 16 سے 18 ماہ کے دوران حاصل کیا جائے گا۔ |
| | .IV | متوقع مدت جس کے اندر منصوبہ سرمایہ کاری پر منافع ادا کرنا شروع کرے گا | تجارتی سرگرمیوں کے آغاز سے |

## نوٹس برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

| | | | |
|---|---|---|---|
| | .V | پروموٹرز، اسپانسرز، متعلقہ کمپنی یا اس سے وابستہ انڈرٹیکنگ کے ذریعہ سرمایہ کاری کی گئی یا سرمایہ کاری کی جانے والی رقم نقد اور غیر نقد رقم میں فرق | ماری انرجیز 244.8 ملین رائٹ شیئرز10روپے فی شیئر کے حساب سے سبسکرائب کرے گی۔ اس سے ماری انرجیز کی مجموعی سرمایہ کاری تقریباً 2,448,000,000روپے بڑھ جائے گی، جو کہ ابتدائی طور پر حاصل کردہ 102 ملین روپے کے سرمائے کے علاوہ ہے۔ |
| **(B)عمومی وضاحتی بیان** | | | |
| .i | | سرمایہ کاری کی ممکنہ حد۔ | 2,448,000,000روپے |
| .ii | | سرمایہ کاری کا مقصد، سرمایہ کار کمپنی اور اس کے ممبران کو حاصل ہونے والے فوائد اور سرمایہ کاری کی مدت | شیئرز میں مزید سرمایہ کاری GEM کے پری-آپریشنل کیش فلوز کے مؤثر انتظام کے قابل بنائے گی۔<br>اس کے علاوہ، یہ منصوبہ مالی طور پر قابلِ عمل ہے اور یہ سرمایہ کار کمپنی اور اس کے شیئر ہولڈرز کے لیے نمایاں منافع پیدا کرے گا۔<br>سب سے اہم بات، یہ منصوبہ ہمارے بنیادی مقصد کو پورا کرتا ہے، یعنی کمپنی کے عزم کو پورا کرنا، خاص طور پر میتھین جیسی گرین ہاؤس گیس (GHG) کے اخراج کو کم کرنے کے لیے۔ |
| .iii | | سرمایہ کاری کے لیے استعمال کیے جانے والے فنڈز کے ذرائع اور قرض سے کی جانے والی سرمایہ کاری: | اپنے نقد وسائل |
| | .i | قرض کے ذریعے سرمایہ کاری کا جواز | قابل اطلاق نہیں |
| | .ii | ایسے فنڈز کے حصول کے لیے ضمانتیں، گارنٹیاں اور اثاثوں کی تفصیلات | قابل اطلاق نہیں |
| | .iii | لاگت اور منافع کا تجزیہ | قابل اطلاق نہیں |
| .iv | | مجوزہ سرمایہ کاری کے حوالے سے متعلقہ کمپنی یا متعلقہ انڈرٹیکنگ کے ساتھ معاہدے کی نمایاں خصوصیات، اگر کوئی ہوں | پرمیٹ گیس کی فراہمی USD 0.55/MMBTU کی قیمت پر |
| .v | | متعلقہ کمپنی یا متعلقہ انڈرٹیکنگ، یا زیر غور لین دین میں، ڈائریکٹرز، سپانسرز، اکثریتی شیئر ہولڈرز اور ان کے رشتہ داروں کا براہ راست یا بالواسطہ مفاد، اگر کوئی ہو۔ | جناب فہیم حیدر (مینجنگ ڈائریکٹر / سی ای او، ماری انرجیز لمیٹڈ) اور جی ایچ جی ایمیشنز میٹیگیشن لمیٹڈ کے ڈائریکٹر / چیئرمین بھی ہیں |
| .vi | | اگر متعلقہ کمپنی یا اس سے منسلک انڈرٹیکنگ میں کوئی سرمایہ کاری پہلے ہی کی جا چکی ہے تو، ایسی سرمایہ کاری کی کارکردگی کا جائزہ بشمول مکمل معلومات / کسی بھی خرابی کے لیے جواز یا نقصان کی منسوخی | کمپنی نے ابتدائی طور پر 102 ملین روپے کی سرمایہ کاری کے علاوہ GEM میں براہ راست کوئی دوسری سرمایہ کاری نہیں کی ہے۔<br>کارکردگی کا جائزہ لاگو نہیں ہے کیونکہ منصوبہ ابھی مالیاتی تکمیل تک نہیں پہنچ سکا ہے اور نہ ہی تجارتی کام شروع کیا ہے۔ |

## نوٹس برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

| | | |
|---|---|---|
| | | اس لیے خرابی یا تحریری طور پر ختم کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ |
| .vii | لین دین کو سمجھنے کے لیے ممبران کے لیے دوسری اہم تفصیلات؛ | کوئی نہیں |
| **(ب)ایکویٹی سرمایہ کاری کی صورت میں** | | |
| .i | زیادہ سے زیادہ قیمت جس پر سیکیورٹیز حاصل کی جائیں گی۔ | 10روپے (قیمت) |
| .ii | لسٹڈ سیکیورٹیز کی صورت میں اگر قیمت خرید مارکیٹ ویلیو سے زیادہ ہے اور اَن لسٹڈ سیکیورٹیز کی صورت میں مناسب قیمت کا جواز | قابل اطلاق نہیں |
| .iii | حاصل کی جانے والی سیکیورٹیز کی زیادہ سے زیادہ تعداد | 244,800,000 عمومی شیئرز |
| .iv | مجوزہ سرمایہ کاری سے پہلے اور بعد میں سیکیورٹیز کی تعداد اور فیصد | پہلے :10,200,000 عمومی شیئرز<br>بعد میں:255,000,000 عمومی شیئرز |
| .v | لسٹڈ سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کی صورت میں موجودہ اور پچھلے بارہ ہفتوں کی ویٹڈ ایوریج مارکیٹ پرائس | قابل اطلاق نہیں |
| .vi | اَن لسٹڈ سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کے لیے ضابطہ 5(1) کے لحاظ سے مناسب قیمت کا تعین | کمپنی اپنی ابتدائی مرحلے میں ہے، اس لیے حصص کی اصل قیمت کو منصفانہ قیمت سمجھا جاتا ہے۔ |
| **(پ)گارنٹی کی صورت میں سرمایہ کاری** | | |
| .i | درجہ وار سرمایہ کاری کی رقم | قابل اطلاق نہیں |
| .ii | متعلقہ مدت کے لیے سرمایہ کار کمپنی کی قرض لینے کی اوسط لاگت، متعلقہ مدت کے لیے کراچی انٹر بینک آفرڈ ریٹ (KIBOR)، شریعہ کمپلائنٹ پروڈکٹس اور ریٹ آف ریٹرن فار اَن فنڈڈ فیسلیٹیز۔ | قابل اطلاق نہیں |
| .iii | سرمایہ کاری کرنے والی کمپنی کی طرف سے سود کی شرح، مارک اپ، منافع، فیس یا کمیشن وغیرہ وصول کیا جائے گا۔ | قابل اطلاق نہیں |
| .iv | مجوزہ سرمایہ کاری کے سلسلے میں حاصل کی جانے والی ضمنی یا سیکیورٹی کی تفصیلات۔ | قابل اطلاق نہیں |
| .v | اگر سرمایہ کاری میں تبدیلی کی خصوصیات ہوں مثلاً کہ یہ سیکیورٹیز میں تبدیل ہوتی ہے، تو یہ حقیقت شرائط و ضوابط بشمول تبادلوں کا فارمولہ، وہ حالات جن میں تبدیلی ہو سکتی ہے اور وہ وقت جب تبادلوں کو قابل استعمال کیا جا سکتا ہے۔ | قابل اطلاق نہیں |

## نوٹس برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

| | | |
|---|---|---|
| .vi | قرض کی ادائیگی کا شیڈول اور شرائط وضوابط یا متعلقہ کمپنی یا اس سے وابستہ انڈرٹیکنگ کو دیے جانے والے قرضے | قابل اطلاق نہیں |

## کمپنیز (انوسٹمنٹ اِن ایسوسی ایٹڈ کمپنیز / ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز) ریگولیشنز، 2017 کی ریگولیشن 4 کے تحت معلومات

ماری انرجیز لمیٹڈ کے پاس جی ایچ جی ایمیشنز میٹیگیشن لمیٹڈ کے 51٪ حصص ہیں۔

اس پس منظر میں ماری انرجیز لمیٹڈ کے درج ذیل ڈائریکٹرز اس معاملے میں لین دین یا دلچسپی رکھتے ہیں، جیسا کہ مندرجہ ذیل میں وضاحت کی گئی ہے، لیکن بصورت دیگر اس معاملے میں ان کی کوئی ذاتی دلچسپی نہیں ہے:

- جناب فہیم حیدر (مینجنگ ڈائریکٹر / سی ای او، ماری انرجیز لمیٹڈ اور چیئرمین جی ایچ جی ایمیشنز میٹیگیشن لمیٹڈ ہیں)

## کمپنیز (انوسٹمنٹ اِن ایسوسی ایٹڈ کمپنیز / ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز) ریگولیشنز، 2017 کی ریگولیشنز 3(3) اور 3(4) کے مطابق معلومات

ڈائریکٹرز اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ انہوں نے ممبران کو منظوری سے قبل مجوزہ سرمایہ کاری کے لئے ضروری تحقیقات مکمل کر لی ہیں۔ باقاعدہ دستخط شدہ تحقیقاتی رپورٹ ممبران کے معائنہ کے لیے غیر معمولی اجلاسِ عام کے دوران موجود ہو گی۔

جی ایچ جی ایمیشنز میٹیگیشن لمیٹڈ کے حالیہ غیر آڈیٹ شدہ عبوری مالیاتی گوشوارے اجلاسِ عام میں ممبران کے معائنے کے لیے دستیاب ہوں گے۔ سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے فی الحال دستیاب نہیں ہیں۔

## ماری انرجیز لمیٹڈ

21ماؤوایریا،3rdروڈ، سیکٹر G-10/4 ، اسلام آباد۔www.marienergies.com.pk

## نوٹس برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

MARI ENERGIES

## پراکسی فارم برائے غیر معمولی اجلاسِ عام 22 مئی، 2026ء بروز جمعہ، صبح 10:00 بجے

کمپنی سیکریٹری

ماری انرجیز لمیٹڈ

21ماؤوایریا،3rdروڈ، سیکٹر G-10/4 ، اسلام آباد۔

میں/ہم، ______________ ساکن __________________________ بطور ممبر(ز) ماری انرجیز لمیٹڈ

رجسٹرڈ فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ______________ اور حامل ______________ عدد عام حصص کی حیثیت سے

جناب ______________ ساکن ______________ یاان کی عدم دستیابی پر

جناب ______________ ساکن ______________ یاان کی عدم دستیابی پر

جناب ______________ ساکن ______________ کو اپنی/ہماری ایماء پر کمپنی کے بروز

جمعہ مورخہ 22 مئی، 2026ء بوقت صبح 10:00 بجے شیش محل ہال، اسلام آباد سرینا ہوٹل، خیابان سہروردی، G-5/1، اسلام آباد میں ہونے والے غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کرنے اور حق رائے دہی استعمال کرنے کے لئے یا کسی بھی التواء کی صورت میں اپنا/ہمارا نمائندہ (پراکسی) مقرر کرتا ہوں/کرتے ہیں۔

براہ کرم مناسب ریونیو ٹکٹ لگائیں۔

تاریخ ______________2026ء

______________

دستخط شیئر ہولڈر

______________

نمائندہ (پراکسی) کے دستخط

**گواہان:**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | دستخط | | .2 | دستخط | |
| | نام | | | نام | |
| | پتہ | | | پتہ | |
| | قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ نمبر | | | قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ نمبر | |

**نوٹ:**

1. درج بالا اجلاس میں شرکت اور ووٹ کا حقدار رکن کسی بھی دوسرے شخص/نمائندے کو اجلاس میں شرکت اور ووٹ کاسٹ کرنے کے لیے بطور پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔لہٰذا، مکمل پراکسی فارم کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع 21ماؤوایریا، 3rd روڈ، سیکٹر G-10/4، اسلام آباد میں اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل پہنچ جانا چاہیے۔
2. سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان میں کمپنی شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ پراکسی فارم کمپنی کو جمع کرانے سے قبل اپنے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ فوٹو کاپی لازمی منسلک کریں۔
3. کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ریزولوشن/پاور آف اٹارنی مع نمونہ دستخط اس پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کر کے کمپنی کو جمع کرائیں۔

**MARI ENERGIES LIMITED**
21-Mauve Area, 3rd Road, Sector G-10/4, Islamabad
www.marienergies.com.pk

## NOTICE OF EXTRAORDINARY GENERAL MEETING

**PRINTED MATTER**

If undelivered please return to:

**MARI ENERGIES LIMITED**
21-MAUVE AREA, 3RD ROAD, SECTOR G-10/4, ISLAMABAD
UAN: 051-111-410-410 | FAX: 051-2352859

BOOK POST/REGISTERED

AFFIX
CORRECT
POSTAGE

The Company Secretary
**MARI ENERGIES LIMITED**
21-MAUVE AREA, 3RD ROAD, SECTOR G-10/4,
ISLAMABAD.